گورنر KATHY HOCHUL

فوری ریلیز کے لیے: 2023/14/9

گورنر HOCHUL نے امپائر بلڈنگز چیلنج کے راؤنڈ دوم میں منتخب ہونے والے چھ سرکردہ رئیل اسٹیٹ گروپس کا اعلان کیا ہے تاکہ ریاست نیو یارک میں ماحول دوست عمارتوں کے کام کو آگے بڑھایا جائے

اس چیلنج کا تیسرا راؤنڈ، اب کثیر خاندانوں والی عمارتوں کے لیے قابل نقل کم کاربن والے ریٹروفٹ حل کے لیے کھولا گیا ہے۔

یہ اقدام 2050 تک گرین ہاؤس گیسز کے اخراج کو 85 فیصد کم کرنے کے لیے کلائمیٹ لیڈرشپ اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے ہدف اور دو ملین ماحول دوست گھر تیار کرنے کی جانب گورنر کے ہدف کی معاونت کرتا ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست نیو یارک میں ماحول دوست عمارتوں کے کام کو آگے بڑھانے کے لیے 50$ ملین کے امپائر بلڈنگز چیلنج کے دوسرے راؤنڈ میں چھ سرکردہ رئیل اسٹیٹ گروپس کا انتخاب کیا گیا ہے۔ آج کے اعلان میں ایک تیسرے راؤنڈ کا آغاز بھی شامل ہے جس میں رئیل اسٹیٹ ٹیموں کے ایک نئے گروپ سے اس چیلنج میں شامل ہونے کا مطالبہ کیا گیا ہے تاکہ کثیر خاندانی عمارتوں کے لیے قابل نقل توانائی کی بچت کرنے والے اور کم کاربن والے ریٹروفٹ حل کو آگے بڑھایا جائے۔ نیو یارک کا امپائر بلڈنگ چیلنج، 2050 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 85 فیصد کم کرنے کے کلائمیٹ لیڈرشپ اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے ہدف کی طرف ریاست کی پیشرفت کو تیز تر کرنے اور دو ملین ماحول دوست مکانات تیار کرنے کی خاطر گورنر کے ہدف کا لازمی حصہ ہے۔

"کاربن تعدیل والی معیشت کی طرف منتقلی کا مطلب یہ ہے کہ آج ایسا جرات مندانہ قدم اٹھایا جائے جس کے نتیجے میں کل اہم اثرات مرتب ہوں گے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "امپائر بلڈنگ چیلنج کے ذریعے جدید ترین سرمایہ کاریوں سے اس بات میں تبدیلی آ رہی ہے کہ عمارت سازی کی صنعت کس طرح ترقی کرتی ہے اور کس طرح ماحول دوست حل لاگو کیے جاتے ہیں - جو ہماری کوششوں کا ایک اہم حصہ ہیں تاکہ ہماری عمارتوں کو جدید ترین بنایا جائے، ہوا کے معیار میں بہتری لائی جائے، اور نیو یارک کے شہریوں کی اگلی نسل کے لیے توانائی کی بچت کرنے والی زندگی گزارنے اور کام کرنے کی جگہیں فراہم کی جائیں۔"

آج راؤنڈ دوم کے شرکاء کا اعلان کیا گیا ہے
چیلنج کے دوسرے راؤنڈ کے ذریعے، ریاست نیو یارک کی توانائی کی تحقیقی و ترقیاتی اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority، NYSERDA) کے زیر انتظام، چھ رئیل اسٹیٹ شراکت داروں کو منتخب کیا گیا ہے تاکہ ایک قابل نقل، کم کاربن والا ریٹروفٹ توضیحی پروجیکٹ لاگو کیا جائے جو ان کی عمارت (عمارتوں) کو ڈیکاربونائز کرنے میں کوئی ایک یا زیادہ رکاوٹیں دور کرتا ہو۔ نئے ایوارڈ یافتہ شراکت داروں کے پاس پوری ریاست نیو یارک میں 1,500 سستے ہاؤسنگ یونٹس سمیت، مجموعی طور پر 108 ملین مربع فٹ سے زیادہ رئیل اسٹیٹ اور 18,000 رہائشی یونٹس موجود ہیں۔ یہ ایوارڈز، چیلنج رئیل اسٹیٹ شراکت داروں کی جانب سے 57$ ملین سے زیادہ کی نجی سرمایہ کاری کی راہیں بھی کھولتے ہیں جبکہ عالمی سطح پر حل فراہم کنندگان کو متوجہ کرتے ہیں تاکہ ریاست نیو یارک میں جدت طرازی اور کاروباری سرمایہ کاری لائی جائے۔
ان چھ پروجیکٹس میں شامل ہیں:

املگمیٹڈ ہاؤسنگ کارپوریشن (Amalgamated Housing Corporation، AHC)

- ایوارڈ دیا گیا: $3 ملین
- ٹیم میں شامل ہے: این-پاور گروپ اور ایگ جیو
- عمارات: Tower 1 and Tower 2, 3965 – 3975 Sedgwick Avenue, Bronx, NY 10463
- سستی رہائشی املاک، 316 سستے رہائشی یونٹس، 20 منزلیں، 425,000 مربع فٹ

BXP

- ایوارڈ دیا گیا: $1.1 ملین
- ٹیم میں شامل ہے: Jaros، Baum & Bolles اور Norges بینک سرمایہ کاری انتظامیہ
- عمارت: 601 Lexington Avenue, New York, NY
- تجارتی دفتر کی عمارت، 59 منزلیں، 1.5 ملین مربع فٹ

بروک فیلڈ پراپرٹیز

- ایوارڈ دیا گیا: $3 ملین
- ٹیم میں شامل ہے: کوسینٹینی ایسوسی ایٹس
- عمارت: 660 5th Avenue, New York, NY 10022
- تجارتی دفتری عمارت، 41 منزلیں، 1.4 ملین مربع فٹ

لی فراک آرگنائزیشن

- ایوارڈ دیا گیا: $3 ملین
- ٹیم میں شامل ہے: Steven Winters ایسوسی ایٹس، انکارپوریٹڈ اور Ryan Soames انجنیئرنگ
- عمارات: 17-59 Junction Boulevard, Queens, NY 11371
- تجارتی دفتری عمارت، 20 منزلیں، 396,000 ملین مربع فٹ

ٹشمین سپیئر

- ایوارڈ دیا گیا: $3 ملین
- ٹیم میں شامل ہے: Jaros، Baum & Bolles کنسلٹنگ انجنیئرز، LLP، اور برائٹ کور
- عمارت: 520 Madison Avenue, New York, NY 10022
- تجارتی دفتری عمارت، 43 منزلیں، 1 ملین مربع فٹ

ورناڈو

- ایوارڈ دیا گیا: $1 ملین
- ٹیم میں شامل ہے: Jaros, Baum & Bolles کنسلٹنگ انجنیئرز
- عمارت: PENN 1 Plaza, New York, NY
- تجارتی دفتری عمارت، 57 منزلیں، 2.5 ملین مربع فٹ

NYSERDA کی صدر اور CEO Doreen M. Harris نے کہا، "نیو یارک میں بہترین درجے کے صنعت کاروں، حل فراہم کنندگان، اور کاروباری افراد کو ریاست کے معروف رئیل اسٹیٹ رہنماؤں کے ساتھ ایک ٹیم کے طور پر کام کرنے کے لیے اپنی جانب متوجہ کرتے ہوئے، امپائر بلڈنگ چیلنج، نیو یارک میں اقتصادی ترقی اور تجدید کو فروغ دے رہا ہے تاکہ ہمارے موجودہ عمارتی اسٹاک کو مستقبل کی عمارتوں میں تبدیل کرنے میں مدد کریں۔ ان نئی شراکت داریوں سے ہماری بلند و بالا عمارتوں کے لیے امید افزا، جدت آمیز اور قابل توسیع حل سامنے لائے جا رہے ہیں جو ڈیزائن کے نئے معیارات مرتب کرتے ہوں، مکینوں کے لیے حالات میں براہ راست بہتری لاتے ہوں، اور توانائی کے اخراجات کم کرتے ہوں - جبکہ نیو یارک کو کم کاربن والی ریٹروفٹ صنعت کا مرکز بنانے میں مدد کی جا رہی ہے۔"

NYSERDA نے بلند و بالا عمارتوں کو ڈیکاربونائز کرنے کے بڑے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے اس پروجیکٹ میں توسیع کرنے کی صلاحیت اور امکان کی صلاحیت، کے ساتھ اپنی عمارتوں کے پورٹ فولیو میں حل کے ان طریقوں کو نافذ کرنے کی خاطر عمارت کے مالک کی رضامندی اور قابلیت کی بنیاد پر تجاویز کا جائزہ لیا ہے۔ NYSERDA کے امپائر بلڈنگ چیلنج کی ویب سائٹ پر تمام ریٹروفٹ پروجیکٹس کی اضافی تفصیلات معلوم کی جا سکتی ہیں۔

املگمیٹڈ ہاؤسنگ کارپوریشن کے خازن Ed Yaker نے کہا، "آج کاربن میں کمی لانے والی ٹیکنالوجی میں دلچسپ چیزیں واقع ہو رہی ہیں۔ امپائر بلڈنگ چیلنج کے ذریعے، املگمیٹڈ کو اس بات کی خوشی ہے کہ جیسے ہم ماحولیاتی تعدیل کاری کی جانب بڑھیں گے تو ہمارے معاونت کار ہی ان اوّلین لوگوں میں شامل ہوں گے جو فائدہ اٹھائیں گے، مزید آرام اور کم تر لاگتوں سے لطف اندوز ہوں گے۔ ہمیں فخر ہے کہ جب دوسری عمارتیں اپنے کاربن اخراجوں کو کم کریں گی تو وہ ہمارے نقشِ قدم کی پیروی کر سکیں گی اور ہمارے تجربے سے سیکھیں گی۔ ہم باہم مل کر ریاست نیو یارک کے ماحولیاتی اہداف پورے کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔"

BXP نیو یارک خطے کی ایگزیکٹیو نائب صدر Hiliary Spann نے کہا، "یہ ایک اہم موقع ہے کہ NYSERDA اور Norges بینک سرمایہ کاری انتظامیہ میں ہمارے شراکت داروں کے ساتھ نیو یارک سٹی میں تھرمل انرجی ڈیکاربونائزیشن کے ایک نئے دور کی قیادت کی جائے۔ یہ پروجیکٹ 2025 تک کاربن تعدیل والے آپریشنز کی انجام دہی کے لیے ہمارے پورٹ فولیو کے وسیع عزم کے مطابق ہے۔ NYSERDA کے امپائر بلڈنگ چیلنج اور اس پروجیکٹ سے BXP، نیو یارک شہر کے دیگر تجارتی مالکان، اور وسیع تر رئیل اسٹیٹ انڈسٹری کے لیے تصور کا ایک قابل قدر ثبوت فراہم کیا جائے گا۔"

بروک فیلڈ پراپرٹیز سسٹین ایبلٹی کےSVP Michael Daschle نے کہا، "660 Fifth Avenue میں اپنی نئی دوبارہ تیار شدہ املاک کے لیے امپائر بلڈنگ چیلنج میں NYSERDA کے ساتھ شراکت داری کرنے پر ہم بہت خوش ہیں۔ خالص صفر کاربن کے حصول اور وسائل کے مؤثر استعمال کو فروغ دینے کی خاطر ہمارے عزم میں، یہ پروجیکٹ ایک بڑا قدم ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ یہ پروجیکٹ قابل توسیع ڈیکاربونائزیشن حل کے طریقوں کے لیے ایک ماڈل کے طور پر کام کرے گا جو ہمارے کرایہ داروں، سرمایہ کاروں اور ہماری کمیونٹی کے لیے فائدہ مند ثابت ہو گا۔"

ٹش مین سپیئر کے مینیجنگ ڈائریکٹر، سسٹین ایبلٹی اور بلڈنگ ٹیکنالوجیز کے گلوبل سربراہ، Jonathan Flaherty نے کہا، "ٹش مین سپیئر اپنے صارفین کی صحت اور تندرستی کے لیے اور جن کمیونٹیز کے لیے ہم کام کرتے ہیں ان میں ہمارے ماحولیاتی اثرات کو کم کرنے کے کام میں مخلص ہے۔ NYSERDA کے امپائر بلڈنگ چیلنج میں ہماری شمولیت سے ہمارے پورے عالمی پورٹ فولیو کی بتدریج ڈیکاربنائزیشن کرنے کے لیے ایک روڈ میپ بنانے کی خاطر ہمارے عزم کا اظہار ہوتا ہے، جسے ہم نے 2050 تک یا اس سے پہلے مکمل کرنے کا عہد کیا ہوا ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ ہم 520 میڈیسن میں جیوتھرمل توانائی کے لیے ڈرلنگ کے علاوہ، جو جدت آمیز اختراعی کام انجام دینے کی کوشش کر رہے ہیں، ان سے نہ صرف ٹش مین سپیئر کے لیے بلکہ پوری رئیل اسٹیٹ کمیونٹی کے لیے اہم فکری پہلو پیدا ہوں گے۔"

ورناڈو ریئلٹی ٹرسٹ کے صدر اور چیف فنانشل افسر Michael Franco نے کہا، "ورناڈو کی طرف سے ٹیکنالوجی کے ذریعے پائیدار رئیل اسٹیٹ کی اگلی سرحد پر، کارکردگی میں لچک لانے، اور کرائے داروں کی مکمل صحت پر توجہ مرکوز کی جا رہی ہے جس سے PENN 1 میں کاربن تعدیل والے آپریشنز کے حصول کے لیے ہمارا عزم راسخ ہوتا ہے۔ NYSERDA کے ساتھ شراکت داری میں یہ پروجیکٹ، اپنے اہداف کے ساتھ ہمارا آگے بڑھنا ممکن بناتا ہے اور پھر ہمارے 25 ملین مربع فٹ پر مشتمل اہم اثاثوں میں اسی ایک ہی حل کو لاگو کرنا ممکن بناتا ہے، ہمارے اثرات کو کئی گُنا کرتا ہے اور نیو یارک شہر میں ڈیکاربنائزیشن کے عمل کو آگے بڑھاتا ہے۔"

Christopher D. Colasanti، PE, LEED AP، CEA، ایسوسی ایٹ شراکت دار، JB&B نے کہا، "آگے کی سوچ رکھنے والے ڈویلپرز کے ساتھ امپائر بلڈنگ چیلنج میں حصہ لینے پر، JB&B ڈیپ کاربن ریڈکشن گروپ کو فخر ہے۔ یہ صحیح لوگوں کو ایک عظیم - اور لازمی - مقصد کی خدمت بجا لانے کے لیے اکٹھا کر رہا ہے جس کی وجہ سے، آخر کار، بالکل بہت فرق پڑتا ہے۔"

چیلنج کا تیسرا راؤنڈ:

چیلنج کے تیسرے راؤنڈ کے تحت، NYSERDA ایسی ٹیمیں تلاش کر رہا ہے جو ریٹروفٹ طریقوں کے بارے میں درخواستیں جمع کروائیں جو سائٹ پر معدنی ایندھن کا استعمال ختم کرنے کے لیے قابل نقل تکنیکی اور اقتصادی راہوں کی نشاندہی کر سکیں جبکہ اس کے ساتھ ڈیکاربونائز کرنے میں عمارتوں کی سب سے مشکل اقسام میں سے ایک قسم، یعنی کثیر خاندانی عمارتوں میں رہنے والوں کے لیے آرام اور کارکردگی میں اضافہ کیا جائے۔ تکنیکی معاونت کی مد میں منتخب شراکت داروں کو $100,000 تک وصول ہوں گے اور 2024 کے موسم گرما میں توقع کی جاتی ہے کہ، وہ ایک مسابقتی فنڈنگ راؤنڈ میں کم کاربن والی ریٹروفٹ تجاویز جمع کروانے کے اہل ہوں گے۔

درخواست دہندگان کے لئے اہلیت کے معیار میں یہ امور شامل ہیں:

- 2025 کے اختتام سے پہلے، عمارت کے مالک کے پاس ڈیکاربونائزیشن پروجیکٹ کی تجویز موجود ہونا ضروری ہے، جو عمل درآمد کے لیے تیار ہو؛
- عمارت کے مالک کو، مکینیکل، الیکٹریکل، اور پلمبنگ (Mechanical, Electrical, and Plumbing، MEP) انجینئرنگ فرم کی طرح، تکنیکی سربراہی کے ساتھ شراکت داری میں پروگرام کے لیے درخواست دے دینی چاہیئے؛
- عمارت کے مالک کو اس پروگرام میں شمولیت کے لیے ایسی عمارتیں سامنے لانی چاہیئں جن میں کم از کم 50 ہاؤسنگ یونٹ موجود ہوں؛
- ریاست نیو یارک کے بلڈنگ پورٹ فولیو میں، کاربن میں کمی لانے کے لیے عمارت کے مالک کا سرِ عام عزم، اسکورنگ کے کلیدی معیارات میں سے ایک معیار ہے۔

درخواستیں 16 نومبر 2023 کو سہ پہر 3:00 بجے تک جمع کروا دی جائیں، اور جنوری 2024 میں جیتنے والوں کا انتخاب متوقع ہے۔

امپائر بلڈنگ چیلنج، جس کا اعلان ستمبر 2020 میں کیا گیا تھا، اس چیلنج نے معروف رئیل اسٹیٹ ڈویلپرز کے ساتھ ایک عوامی نجی شراکت داری قائم کی ہے جو ریاست نیو یارک میں 220 ملین مربع فٹ رئیل اسٹیٹ پر اجتماعی طور پر کنٹرول رکھتے ہیں، جس میں 250 سے زیادہ عمارتیں بھی شامل ہیں جو سستی رہائش پر مشتمل ہیں۔ ان شراکت داروں نے اپنے پورٹ فولیوز میں سستی رہائش کے 25,000 سے زائد یونٹس تک وسعت دینے کی اپنی صلاحیت کے ساتھ، اپنی کسی ایک یا ایک سے زیادہ عمارتوں میں اور مجموعی طور پر سستی رہائش کے تقریباً 800 یونٹس میں کاربن تعدیل کاری کے حصول کا عہد کیا ہوا ہے۔ امپائر بلڈنگ چیلنج کے شراکت داروں کی ایک مکمل فہرست اور جن پراپرٹیز کے لیے کاربن تعدیل کاری کا عزم کیا گیا ہے ان کے بارے میں مزید معلومات NYSERDA کی ویب سائٹ پر دیکھی جا سکتی ہیں۔ عمارت کے مالکان، حل فراہم کنندگان، صنعت کار، اور دیگر دلچسپی رکھنے والے اسٹیک ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ http://nyserda.ny.gov/EBC ملاحظہ کریں تاکہ امپائر بلڈنگ چیلنج کے بارے میں اضافی تفصیلات حاصل کی جائیں اور یہ معلوم کیا جائے کہ کیسے NYSERDA کے

ساتھ شراکت داری کی جائے گی، کیسے کاربن کے اخراج کو کم کیا جائے، اور صاف توانائی کی معیشت میں شمولیت اختیار کی جائے۔

ریاست نیو یارک میں گرین ہاؤس گیسز کے اخراجوں کے سب سے بڑے ذرائع میں سے ایک ذریعہ، عمارتیں ہیں، جو ریاست بھر میں سالانہ اخراجوں کے ایک تہائی سے زیادہ کے لیے ذمہ دار ہیں۔ نئی اور موجودہ عمارتوں میں توانائی کی مؤثر کارکردگی اور بجلی کی فراہمی کے اقدامات کو مربوط کرنے سے کاربن کی آلودگی میں کمی آئے گی اور 2030 تک 2 ملین ماحول دوست گھروں کے حصول کے لیے ریاست کے جرات مندانہ ہدف کی معاونت میں مزید پائیدار، صحت بخش اور آرام دہ عمارتوں کے حصول میں مدد ملے گی۔ NYSERDA اور یوٹیلیٹی پروگرامز کے ذریعے، 6.8$ بلین سے زائد کی سرمایہ کاری کی جا رہی ہے تاکہ ریاست بھر میں عمارتوں کو ڈی کاربونائز کیا جائے تاکہ ریاست کے ڈی کاربونائزیشن کے اہداف پورے کیے جا سکیں۔ عمارات میں توانائی کے مؤثر استعمال اور آن سائٹ اسٹوریج، قابل تجدید ذرائع، اور ریاست بھر میں برقی گاڑیوں کی چارجنگ کے آلات کو بہتر بناتے ہوئے، ریاست اپنی کاربن کی آلودگی کو کم کرے گی اور 2025 تک سائٹ پر موجود توانائی کی کھپت کو TBtu 185 تک کم کرنے کا ہدف حاصل کرے گی، جو کہ 1.8 ملین گھروں کو بجلی فراہم کرنے کے برابر ہے۔

<u>ریاست نیو یارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ</u>

ریاست نیو یارک کے قومی سطح کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کی مراعات کے 40 فیصد ہدف کے ساتھ، کم از کم 35 فیصد پسماندہ کمیونٹیز کے لیے دستیاب بنائی جائیں۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے نیویارک 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار، اور وسط صدی تک معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاری کرنا اس تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 120 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 35$ بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے 1$ بلین سے زائد، اور NY گرین بینک کے وعدوں میں 2$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2021 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے کاربن کے صفر اخراج والی گاڑیوں کے ضوابط کو بھی اپنایا ہے، بشمول سنہ 2035 تک ریاست میں فروخت ہونے والی تمام نئی مسافر کاروں اور ٹرکوں کا اخراج صفر ہونا چاہیے۔ تقریباً 400 رجسٹرڈ اور 100 مصدقہ موسمیاتی سمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف توانائی والی کمیونٹیز، اور پوری ریاست میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں ہوا کی نگرانی کرنے والی ریاست کی سب سے بڑی کمیونٹی پہل کاریوں کے ذریعے نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں کی جا رہی ہیں تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اپنے اہداف حاصل کرنے میں مدد مل سکے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418